سوال نمبر۔ 5748

منجانب۔مولانا مفتی فضل غفور صاحب ،رُکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ

	سوال	جواب
(ا)	آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے صوبے بھر کے اساتذہ کی حاضری چیک کرنے کے لئے مانیٹرنگ سسٹم کا آغاز کیا ہے؟	جی ہاں۔
(ب)	آیا یہ بھی درست ہے کی موجودہ مانیٹرنگ ٹیم ضلع بونیر کے تعلیمی اداروں کو بھی روزانہ چیک کر رہی ہے؟	جی ہاں۔
(ج)	اگر (ا) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو سال 2015-16 کے دوران ضلع بونیر مانیٹرنگ ٹیم کی روزانہ کی رپورٹ کی تفصیل فراہم کی جائے۔نیز غیر حاضر پائے جانے والے اساتذہ کرام کے متعلق لیئے جانے والے ایکشن کی تفصیل فراہم کی جائے۔	صوبائی حکومت نے سال 2013ء میں اینڈ ڈیپنڈنٹ مانیٹرنگ یونٹ قائم کیا ہے۔جس نے سکولوں کی باقاعدہ مانیٹرنگ مارچ 2014ء سے شروع کی ہے۔سال 2015-16ء کے دوران ضلع بونیر کی مانیٹرنگ ٹیم کی ماہانہ رپورٹ جوکہ غیر حاضر اساتذہ پر مشتمل ہے مکمل تفصیل (لف) ہے۔نیز ضلع بونیر میں سال 2015-16 کے دوران جتنے اساتذہ غیر حاضر پائے گئے ہیں اوران کے خلاف لیا جانے والا ایکشن کی تفصیل ائیروائز (لف) ہے۔